ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (645)

03.12.2023

# بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران و اہلکار ڈیوٹی پر تعینات، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکار تعینات کیے گئے۔ضلع کے سرکل افسران اورایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی، بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہر صورت یقینی بنائیں، کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں، معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے، غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کے احکامات کی روشنی میں موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر ضلع بھر میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی پر افسران وجوان الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز (646)

03.12.2023

## بہاولپور(         )تھانہ خیر پورٹامیوالی کے علاقہ میں پولیس مقابلہ، دوڈاکواپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک۔ پولیس مصروف کارروائی۔ ہلاک ڈاکوؤں پرقتل، راہزنی وڈکیتی بمعہ قتل کے درجنوں مقدمات درج تھے۔عوام کے جان و مال کا تحفظ ہرصورت یقینی بنایا جائے گا، جرائم پیشہ عناصر کوواضح پیغام۔ڈی پی اوسید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق تھانہ خیر پورٹامیوالی پولیس کے پاس ایک ملزم اشرف عرف اشری پٹواری ڈکیتی کے مقدمہ میں جسمانی ریمانڈ پر موجود تھا جس سے ڈکیتی شدہ موٹرسائیکل ریکور کی جانی تھی۔ پولیس ٹیم ملزم کولیکر خیر پورٹامیوالی کے علاقہ میں موٹرسائیکل برآمدگی کے لیےگئی اورملزم کی نشاندھی پرموٹرسائیکل برآمدکرنے کے بعدواپس آرہی تھی کہ اسی دوران نذرباغ کےقریب پولیس پر04 کس نقاب پوش نامعلوم ملزمان نے جوکہ دوموٹرسائیکلوں پر تھے، اپنے ساتھی کوچھڑانے کے لئے پولیس پراندھادھند فائرنگ کردی۔ پولیس نے بھی حفاظت خوداختیاری کے تحت رکاوٹ کاسہارالیتے ہوئے دوچارجوابی فائر کیے۔فائرنگ رکنے کے بعددیکھاتوحملہ آورسمیت گرفتارملزم بھی اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہوچکاتھا۔حملہ آورملزم کی شناخت ای پولیس پوسٹ سے مشتاق دادپوترا کے نام سے ہوئی جوکہ تھانہ عنائیتی کا اشتہاری ملزم تھاجبکہ بقیہ تین نامعلوم ملزمان فائرنگ کرتے ہوئےاوراندھیرےکافائدہ اٹھاتے ہوئے ایک ہنڈا125اورایک رائفل پھینک کرفرارہوگئے۔ پولیس کی بھاری نفری نے موقع پرپہنچ کرعلاقے کوگھیرلیااورفرار03 کس ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس کی اسپیشل ٹیمیں آپریشن کررہی ہیں۔واضح رہے کہ ہلاک ڈاکواشرف عرف اشری پٹواری پر59 سنگین مقدمات درج ہیں جبکہ حملہ آور ہلاک ڈاکومشتاق دادپوترا50 سےزائدسنگین مقدمات میں پولیس کومطلوب تھا۔مزیدتفتیش وتحقیقات جاری۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ملزمان اپنی موت آپ مرگئے۔ بہاولپور پولیس کی طرف سے زیروٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔ جرائم پیشہ افرادکیلئے واضح پیغام ہے۔انہوں نے مزیدکہا کہ بہاولپورکےشہریوں کے جان ومال کاتحفظ ہرصورت یقینی بنایاجائے گا۔تھانہ خیر پورٹامیوالی پولیس کو بہادری وجوانمردی سے مقابلہ کرنے پرڈی پی اونے شاباش دی۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**



بہاولپور: تھانہ خیر پورٹامیوالی کےعلاقہ میں پولیس مقابلہ، دوڈاکواپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک، جبکہ دوسری جانب حملہ آور ہلاک ملزم کی موٹرسائیکل اوررائفل جائے وقوعہ پر موجود